اخبار الجامعة والجماعة

جامعہ علوم اثریہ کا اعزاز

الحمدللہ امسال بھی جامعہ کے تین خوش نصیب طلبہ کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہوا جن میں محمد زکریا بن شیخ طاہر عزیز جہلم پنجاب، عبدالغفار بن اسحاق زئی کوئٹہ بلوچستان اور عبدالحق بن علی محمد خیبر پختونخواہ شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ اللہ ان کو عالم باعمل بنائے اور کتاب وسنت کا مبلغ وداعی بنائے۔ آمین۔

جم کلب (یعقوب پلازہ کناری بازار) جہلم کا افتتاح

حافظ ناصر مسعود بٹ (چوک اہل حدیث) نے نوجوانوں کی صحت کیلئے ضروری ورزش اوران کی جسمانی فٹنس کیلئے مورخہ 4 نومبر بروز اتوار جم کلب شروع کیا ہے جس میں رئیس الجامعہ نے درس قرآن ارشاد فرمایا اور دُعائے خیر کی۔ بڑی خوش آئند بات ہے کہ نوجوانوں نے اس کلب کے افتتاح پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور بڑی تعداد میں نوجوان اس کلب کے ساتھ وابستہ ہوگئے ہیں۔

جامع مسجد اہل حدیث کھروٹہ چترپڑی (میرپور) میں عظیم الشان جلسہ عام

مورخہ 14 نومبر بروز منگل بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث کھروٹہ میں عظیم الشان جلسہ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا جس میں حافظ خلیل الرحمٰن نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے، پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جلسہ سے مولانا محمد رمضان ساجد قصوری، حضرت مولانا قاری محمد اکرم زاہد بھٹوی (گوجرانوالہ) اور حضرت مولانا صاحبزادہ عبدالعلیم یزدانی آف جھنگ نے خطاب کیا۔

جامع مسجد الہ اہل حدیث پوران میں سیرت امام اعظم ﷺ کانفرنس

مورخہ 15 نومبر بروز جمعرات بعد از نماز عشاء جامع مسجد الہ اہل حدیث پوران میں عظیم الشان سیرت امام اعظم ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی، پروگرام کا آغاز قاری محمد سلیمان رمضان کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ کانفرنس سے مولانا عبدالواحد سلفی، مولانا طارق محمود یزدانی اور حضرت مولانا سید محمد سبطین شاہ نقوی نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ نے صدارتی خطبہ دیا اور پروگرام کے آخر میں دُعا فرمائی۔

جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار میں تبلیغی پروگرام

مورخہ 23 نومبر بروز جمعہ بعد از نماز عشاء جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار میں تبلیغی پروگرام بسلسلہ شانِ

صحابہؓ منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز حافظ عبید اللہ متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا۔ حافظ عتیق الرحمٰن نے حمد و نعت پیش کی جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض میاں محمد الیاس نے سرانجام دیئے۔ مولانا قطب شاہ اور رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کیا۔ حاضری کے لحاظ سے پروگرام کامیاب رہا۔

ڈھوک پھپھرا نزد پھڈیال (ڈومیلی) میں تبلیغی پروگرام

مورخہ 28 نومبر بروز بدھ بعد از نماز مغرب ڈھوک پھپھرا میں عظیم الشان تبلیغی و اصلاحی پروگرام زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری عبدالرحمٰن و حافظ محمد کامران امام جامع مسجد اہل حدیث آڑہ بشارت ضلع چکوال کی تلاوت سے ہوا۔ اس پروگرام میں مولانا قطب شاہ، قاری محمد یوسف راشد اور حضرت مولانا قاری محمد اکرم زاہد بھٹوی نے خطاب کیا اور رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دُعائیہ کلمات سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا، جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور پروگرام کو سراہا۔ پروگرام کے آخر میں جناب محمد رمیز و جناب محمد نذیر اور ان کے احباب نے مہمانوں کی ضیافت کی۔

جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ جہلم میں عظیم الشان شانِ صحابہؓ کانفرنس

مورخہ 29 نومبر بروز جمعرات بعد از نماز عشاء جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں ایک عظیم الشان کانفرنس بسلسلہ شانِ صحابہؓ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد شعیب متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا جبکہ جامعہ کے طلبہ محمد شاہد، ذیشان عباسی، عبدالوہاب مدنی کے علاوہ محمد انیس ادریس نے حمد و نعت پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے حضرت مولانا قاری محمد اکرم زاہد بھٹوی نے مفصل خطاب کیا، رئیس الجامعہ کی دُعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

دھریالہ جالپ (تحصیل پنڈ دادنخان) میں عظیم الشان سیرت کانفرنس

مورخہ 2 دسمبر بروز اتوار بعد از نماز عشاء دھریالہ جالپ نزد تعمیر ملت ہائی سکول میں عظیم الشان سیرت محمد رسول ﷺ کانفرس رئیس الجامعہ کی صدارت میں منعقد ہوئی، پروگرام کا آغاز حافظ منظور حسین توحیدی کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا اور قاری بشارت حسین مدنی منڈی بہاؤ الدین نے حمد و نعت پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری حسین علی قاسمی نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے حافظ محمد فہد (منڈی بہاؤ الدین) حضرت مولانا قاری عبدالمتین اصغر (لاہور) مولانا محمد یحیٰ یزدانی (لاہور) مولانا محمود الحسن غضنفر (چکوال) مولانا قطب شاہ اور مولانا حافظ عثمان شاکر (گوجرانوالہ) نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں رئیس الجامعہ نے دُعا فرمائی۔